Number of Pages in Booklet : 24
पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 24

Number of Questions in Booklet : 100
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 100

Serial No. of Booklet
पुस्तिका क्रमांक

310079

Admission Test for PG Course
(URATPG-2022)
URDU

Subject Code / विषय कोड- 33

Roll No. of Candidate/अभ्यर्थी का अनुक्रमांक : .....

OMR Serial Number/ओ.एम.आर. क्रमांक : .....

Signature of Candidate/अभ्यर्थी के हस्ताक्षर : .....

Date of Examination/परीक्षा तिथि : .....

Signature of Invigilator/वीक्षक के हस्ताक्षर : .....

Time/समय : Two Hours/दो घण्टे **Maximum Marks/पूर्णांक : 100**

INSTRUCTIONS

1. Answer all questions.
2. All questions carry equal marks.
3. In this booklet, the questions from serial no. 01 to serial no. 100 are subject specific.
4. Each question has four alternatives marked as (A), (B), (C), (D).
5. Choose only one alternative as an answer of a question.
6. If more than one answer is marked, then it will be treated as wrong answer.
7. Candidate has to darken only one circle indicating the correct answer on the OMR, sheets by using BLUE/BLACK BALL POINT PEN.
8. There is no provision of **Negative marking.**
9. Carrying Mobile phone in the examination hall is strictly prohibited. If any objectionable material is also found, then action will be taken as per University norms.
10. Please fill your Roll No. and other information carefully on OMR sheet. In case of any mistake on OMR sheet, candidate will be responsible.
11. If there is any difference between English and Hindi version of questions, the English version shall be correct.

निर्देश

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. इस प्रश्न पुस्तिका में क्रमांक 01 से क्रमांक 100 तक के प्रश्न विषय से संबंधित हैं।
4. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर हैं जिन्हें क्रमशः (A), (B), (C), (D) से अंकित किया गया है।
5. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक विकल्प उत्तर के रूप में चुनिए।
6. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न का उत्तर गलत माना जाएगा।
7. अभ्यर्थी को सही उत्तर हेतु केवल एक गोले को ओ.एम.आर. शीट पर नीले/काले बॉल प्वाइंट पेन से गहरा करना है।
8. **नकारात्मक अंक** प्रदान करने का कोई प्रावधान नहीं है।
9. मोबाइल फोन का परीक्षा हॉल में लाना पूर्णतया निषिद्ध है। साथ ही कोई भी अन्य वर्जित सामग्री मिलने पर विश्वविद्यालय के नियमानुसार कार्यवाही होगी।
10. अभ्यर्थी अपने रोल नम्बर एवं अन्य जानकारियों को ओ.एम.आर. शीट पर सावधानी से भरें। ओ.एम.आर. पर कोई भी त्रुटि होने पर उसका पूर्ण दायित्व अभ्यर्थी का होगा।
11. यदि प्रश्न के हिन्दी और अंग्रेजी रूपान्तरणों के मध्य किसी प्रकार का फर्क पाया जाता है, तब अंग्रेजी रूपान्तरण को ही सही माना जाएगा।

1۔ "غزل اردو شاعری کی آبرو ہے" کس کا قول ہے؟

(A) الطاف حسین حالؔی کا (B) کلیم احمد کا

(C) رشید احمد صدیقی کا (D) آل احمد سرور کا

2۔ مُلّا وجہؔی کا اصل نام ہے۔

(A) مرزا اسد اللہ خاں (B) مُلّا اسد اللہ خاں

(C) مُلّا نصر الدین (D) مرزا ظاہر دار بیگ

3۔ "عود ہند" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) حبیب الرحمن شیروانی (B) ابو الکلام آزاد

(C) محمد حسین آزاد (D) مرزا اسد اللہ خاں غالؔب

4۔ "مرزا نوشہ" لقب ہے۔

(A) غالؔب کا (B) حالی کا

(C) داغ کا (D) سودا کا

5۔ پطرس کا پورا نام ہے۔

(A) عبد اللہ بخاری (B) سعید فاروقی

(C) احمد شاہ بخاری (D) محمد شاہ بخاری

6۔ "معیار ادب" میں سرسید کا مضمون شامل ہے۔

(A) امید کی خوشی (B) نشاط امید

(C) اپنی مدد آپ (D) نمک کا داروغہ

7۔ "غبار خاطر" کتاب کس موضوع پر ہے؟

(A) خطوط (B) قصے

(C) کہانیاں (D) داستان

8۔ "فسانہ آزاد" کے مصنف کا نام ہے۔

(A) رتن ناتھ سرشار (B) عبدالحلیم شرر

(C) نذیر احمد (D) مرزا ہادی رسوا

9۔ حالی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(A) آگرہ (B) دہلی

(C) امرتسر (D) پانی پت

10۔ اردو کا پہلا ناول نگار کہا جاتا ہے۔

(A) منشی پریم چند کو (B) نذیر احمد کو

(C) رتن ناتھ سرشار کو (D) مرزا ہادی رسوا کو

11۔ "نمک کا داروغہ" کا خاص کردار کا نام ہے؛

(A) سیٹھ الوپی دین (B) گوپی چند

(C) کرم چند (D) منشی بنسی دھر

12۔ نظم کے لغوی معنی ہیں۔

(A) موتی لڑی میں پرونا (B) موتی چننا

(C) موتی اکٹھا کرنا (D) موتی رکھنا

13۔ جوشؔ کا سن وفات ہے۔

(A) 1984ء (B) 1988ء

(C) 1981ء (D) 1982ء

14۔ "شہنشاہ غزل" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(A) میرؔ کو (B) غالبؔ کو

(C) ذوق کو (D) داغؔ کو

15۔ آتش کس دبستان سے تعلق رکھتے تھے؟

(A) رام پور (B) لکھنؤ

(C) دہلی (D) اعظم

16۔ اقبال کی نظم ہے۔

(A) البیلی صبح (B) کسان

(C) خضر راہ (D) مفلسی

17۔ سب کا شاعر (عوامی شاعر) ہے۔

(A) حالی (B) جوش

(C) فیض (D) نظیر

18۔ ڈرامہ "دروازے کھول دو" کا خاص کردار ہے۔

(A) کمل کانت (B) خوجی

(C) رام دیال (D) گھیسو

19۔ "جدید علم البلاغت" کے مصنف ہیں۔

(A) عبدالمجید خاں (B) عبدالحمید خاں

(C) مولوی عبدالحق (D) گوپی چند نارنگ

20۔ "سب رس" کا سن تصنف ہے۔

(A) 1236ء (B) 1238ء

(C) 1235ء (D) 1237ء

21۔ "آب حیات" کا موضوع ہے۔

(A) داستان کی تاریخ (B) اردو مرثیہ کی تاریخ

(C) اردو ادب کی تاریخ (D) اردو قصیدہ کی تاریخ

22۔ "باغ و بہار" کے مصنف ہیں۔

(A) میر شیر علی افسوس (B) میر امن

(C) نذیر احمد (D) فرحت اللہ بیگ

23۔ فورٹ ولیم کالج کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ

(C) رام پور (D) کلکتہ

24۔ ڈرامہ "دروازے کھول دو" کے ڈرامہ نگار ہیں۔

(A) امتیاز علی تاج (B) آغا حشر کاشمیری

(C) کرشن چندر (D) امانت علی

25۔ ڈرامہ "دروازے کھول دو" کا مرکزی خیال ہے۔

(A) قومی اتحاد اور انسانیت (B) قومی ترقی اور خوشحالی

(C) قومی جذبہ اور سچائی (D) قومی اجتماع اور ترقی

26۔ "غالب سے پہلے اردو شاعری دل والوں کی دنیا تھی، غالب نے اسے ذہن عطا کیا"

یہ کس کا قول ہے؟

(A) کلیم الدین احمد کا (B) گیان چندر جین کا

(C) شمیم حنفی کا (D) آل احمد سرور کا

27۔ "سیر پہلے درویش کی" سبق کس داستان سے ماخوذ ہے؟

(A) نوطرز مرصع سے (B) قصہ چہار درویش سے

(C) گنج خوبی سے (D) باغ و بہار سے

28۔ "کسان" نظم کے شاعر ہیں۔

(A) جوشؔ (B) اقبالؔ

(C) نظیرؔ (D) حالیؔ

29۔ "نجم الدولہ" کس شاعر کا خطاب ہے؟

(A) داغؔ کا (B) ظفر کا

(C) ذوق کا (D) غالبؔ کا

30۔ غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فارسی (B) اردو

(C) عربی (D) ترکی

31۔ درد کا پورا نام ہے۔

(A) خواجہ حیدر علی (B) محمد ولی

(C) میر ببر علی (D) خواجہ میر

32۔ مومن کا سن پیدائش ہے۔

(A) 1801ء (B) 1800ء

(C) 1803ء (D) 1804ء

33۔ ناسخ کس دبستان کے بانی ہیں؟

(A) ٹونک (B) دہلی

(C) رامپور (D) لکھنؤ

34۔ تم میرے پاس ہوتے ہو گیا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اس شعر کے شاعر ہیں۔

(A) غالب (B) درد

(C) مومن (D) ناسخ

35۔ قصیدے کا اہم حصہ ہے۔

(A) تشبیب (B) گریز

(C) مدح (D) دعا

36۔ چہرہ اور سراپا کس صنف کا حصہ ہیں؟

(A) غزل (B) مثنوی

(C) قصیدہ (D) مرثیہ

37۔ اردو میں قصیدہ نگاری کس زبان سے آئی؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ترکی (D) اردو

38۔ مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ترکی (D) اردو

39۔ انیس کی پیدائش کا مقام ہے۔

(A) فیض آباد (B) لکھنؤ

(C) آگرہ (D) دہلی

40۔ درد کی شاعری کا خاص موضوع ہے۔

(A) حسن و عشق (B) سوز و گداز

(C) جمالیات (D) تصوف

41۔ "مظلوم کی فریاد" کے مصنف ہیں۔

(A) مولوی عبدالحق (B) رشید احمد صدیقی

(C) پطرس بخاری (D) راشد الخیری

42۔ ابوالکلام کی ولادت ہوئی۔

(A) مکہ میں (B) مدینہ میں

(C) جدہ میں (D) ریاض میں

43۔ ابوالکلام آزاد کے اخباروں کے نام ہیں۔

(A) تہذیب الاخلاق (B) الہلال البلاغ

(C) اودھ پنچ (D) قومی آواز

44۔ "کفن" کی صنف ہے۔

(A) افسانہ (B) ڈرامہ

(C) ناول (D) داستان

45۔ گھیسو مادھو اور بدھیا کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) نمک کا داروغہ (B) انمول رتن

(C) عید گاہ (D) کفن

46۔ پیرو کس سبق کا کردار ہے؟

(A) یارباش (B) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

(C) شیخ پیرو (D) گزشتہ لکھنؤ

47۔ "اودھ پنچ" اخبار جاری ہوا۔

(A) 1875ء میں (B) 1874ء میں

(C) 1877ء میں (D) 1878ء میں

48۔ "ضدی" ناول کے ناول نگار کا نام ہے۔

(A) عصمت چغتائی (B) عظیم بیگ چغتائی

(C) نذیر احمد (D) مرزا ہادی رسوا

49۔ "غبار خاطر" میں پیش خطوط ابوالکلام آزاد نے کس مقام سے لکھے؟

(A) قلعہ دہلی سے (B) قلعہ کلکتہ سے

(C) قلعہ آگرہ سے (D) قلعہ احمد نگر سے

50۔ "انتخاب نثر" میں شامل سجاد حیدر یلدرم کے سبق کا نام ہے۔

(A) مظلوم کی فریاد (B) یارباش

(C) شیخ پیرو (D) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

51۔ "گزشتہ لکھنؤ" میں جس نواب کا ذکر کیا گیا ہے، اس کا نام ہے۔

(A) امجد علی شاہ (B) واجد علی شاہ

(C) معتبر علی خاں (D) آصف الدولہ

52۔ احمد مرزا کس سبق کا کردار ہے؟

(A) مظلوم کی فریاد (B) گزشتہ لکھنؤ

(C) یارباش (D) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

53۔ "اردو قصیدہ نگاری" کے مصنف کا نام ہے۔

(A) ڈاکٹر اُم ہانی اشرف (B) ڈاکٹر گیان چند جین

(C) ڈاکٹر مدبر علی زیدی (D) عبادت بریلوی

54۔ انیس کے والد کا نام ہے۔

(A) میر خلیق (محمد مستحسن) (B) میر ضمیر

(C) دبیر (D) امیر مینائی

55۔ مطلع کہلاتا ہے۔

(A) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں ردیف قافیہ ہو۔

(B) غزل کا وہ شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو۔

(C) غزل کا آخری شعر

(D) پوری غزل

56۔ غزل کے پہلے صاحب دیوان شاعر کا نام ہے۔

(A) عبداللہ قطب شاہ (B) شاہ اشرف بیابانی

(C) محمد قلی قطب شاہ (D) ابن نشاطی

57۔ ذوق کو خاقانیٔ ہند کا خطاب کس نے دیا؟

(A) بہادر شاہ ظفر (B) اورنگ زیب

(C) اکبر شاہ (D) بابر

58۔ مومن کا پورا نام ہے۔

(A) ڈاکٹر مومن خاں (B) حکیم مومن خاں

(C) سعید مومن خاں (D) رشید مومن خاں

59۔ "انتخاب نثر" میں پطرس بخاری کے مضمون کا نام ہے۔

(A) یار باش (B) اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ

(C) لفظ کیوں کر بنتے ہیں (D) لاہور کا جغرافیہ

60۔ "ضدی" ہے۔

(A) افسانہ (B) ڈرامہ

(C) داستان (D) ناول

61- جدید نظم کی بنیاد رکھی گئی۔

(A) 1877ء میں (B) 1875ء میں

(C) 1876ء میں (D) 1874ء میں

62- ن۔م۔راشد کا پورا نام ہے۔

(A) نظیر محمد (B) ظفر محمد

(C) نذر محمد (D) شاکر محمد

63- ن۔م۔راشد کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔

(A) ایران میں اجنبی (B) ماوراء

(C) گمان کا ممکن (D) لا=انسان

64- آزاد نظم کا انگریزی نام ہے۔

(A) فری ورس (B) بلینک ورس

(C) پروز پوئٹری (D) پوئٹری

65- معریٰ نظم کو اور کس دوسرے نام سے بھی جانا جاتا ہے؟

(A) نظم غیر مردّف (B) نثری نظم

(C) نظم آزاد (D) نظم غیر مقفی

66۔ "تاروں بھری رات" نظم کے نظم نگاری کا نام ہے۔

(A) نظم طباطبائی (B) اکبر الہ آبادی

(C) تاجور نجیب آبادی (D) اسمعیل میرٹھی

67۔ اردو شاعری میں جس شاعر کو باغی کہا جاتا ہے، وہ ہے۔

(A) ن۔م۔راشد (B) میراجی

(C) علی سردار جعفری (D) ضیا جالندھری

68۔ پیروڈی کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) یونانی (D) انگریزی

69۔ "غالب جدید شعراء کی محفل میں" پیروڈی نگار کا نام ہے۔

(A) مشتاق یوسفی (B) احمد جمال پاشا

(C) کنہیالال کپور (D) ابن انشا

70۔ REPORTAGE کو اردو میں کہتے ہیں۔

(A) رپورٹر (B) رپورتاژ

(C) رپورٹ (D) صحافی

71۔ سجاد ظہیر کا مشہور ریپورتاژ کا نام ہے۔

(A) یادیں (B) کپور کا فن

(C) پودے (D) دلی کی بپتا

72۔ کس ادیب کے دور کو انشائیہ کا صبح صادق تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) فرحت اللہ بیگ

(C) پطرس بخاری (D) رشید احمد صدیقی

73۔ "بمبئی سے بھوپال تک" کے ریپوتاژ نگار کا نام ہے۔

(A) سجاد ظہیر (B) عصمت چغتائی

(C) رام لعل (D) عتیق اللہ

74۔ خط لکھنے والا کہلاتا ہے۔

(A) مکتوب الیہ (B) مراسلہ

(C) کاتب (D) مکالمہ

75۔ "غالب شاعر و مکتوب" کے مصنف ہیں۔

(A) قمر الہدیٰ (B) رشید احمد صدیقی

(C) ڈاکٹر اطہر پرویز (D) نوالحسن نقوی

76۔ تعزیتی خط لکھا جاتا ہے۔

(A) انتقال کے موقع پر (B) خوشی کے موقع پر

(C) نجی کام کے لئے (D) سرکاری کام کے لئے

77۔ "اردوئے معلی" مجموعہ ہے۔

(A) خطوط کا (B) شاعری کا

(C) مضمون کا (D) اقوال کا

78۔ "سوانح کو فرد کی داستان حیات" کہا ہے۔

(A) ایمرسن نے (B) حالی نے

(C) کارلائل نے (D) شبلی نے

79۔ حالی کی پہلی سوانح تصنیف ہے۔

(A) الغزالی (B) حیات جاوید

(C) یادگار غالب (D) حیات سعدی

80۔ سوانح لفظ ہے۔

(A) فارسی زبان کا (B) عربی زبان کا

(C) اردو زبان کا (D) ترکی زبان کا

81۔ ابوالکلام آزاد کی خود نوشت سوانح کا نام ہے۔

(A) یادوں کی بارات (B) تذکرہ

(C) خواب باقی ہیں (D) آشفتہ بیانی میری

82۔ "یادوں کی بارات" ہے۔

(A) رپورتاژ (B) خاکہ

(C) خود نوشت سوانح (D) پیروڈی

83۔ "سنگھاسن بتیسی" کا اردو ترجمہ ہے۔

(A) طوطا کہانی (B) باغ و بہار

(C) گنج خوبی (D) خرد افروز

84۔ "دارالترجمہ" کہاں قائم کیا گیا؟

(A) فورٹ ولیم کالج کلکتہ (B) دہلی کالج دلی

(C) جامعہ عثمانیہ حیدر آباد (D) مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

85۔ دبستان دہلی کے شاعر ہیں۔

(A) سوداؔ (B) ناسخ

(C) آتش (D) امانت

86۔ دہلی سے لکھنؤ سب سے پہلے رخ کرنے والے شاعر ہیں۔

(A) میر (B) سوداؔ

(C) داغؔ (D) آرزو

87۔ "اردو سندھی زبان سے نکلی" نظریہ ہے۔

(A) سید سلیمان ندوی کا (B) محمود شیرانی کا

(C) شوکت سبزواری کا (D) مسعود حسن خاں کا

88۔ "اردو ادب کا مطالعہ" کے مصنف ہیں۔

(A) ڈاکٹر قمر رئیس (B) نورالحسن نقوی

(C) ڈاکٹر اطہر پرویز (D) پروفیسر مسعود حسین

89۔ علی گڑھ تحریک کا مرکزی دفتر قائم تھا۔

(A) دہلی میں (B) آگرہ میں

(C) رام پور میں (D) علی گڑھ میں

90۔ فورٹ ولیم کالج سے وابستہ استاد کا نام ہے۔

(A) سرسید احمد خاں (B) امام بخش صہبائی

(C) شیر علی افسوس (D) میر علی اوسط

91۔ "داستان زبان اردو" کے مصنف ہیں۔

(A) محمود شیرانی (B) محمد حسین آزاد

(C) نصیر الدین ہاشمی (D) شوکت سبزواری

92۔ "مدرستہ العلوم" قائم کیا گیا۔

(A) 1875ء میں (B) 1878ء میں

(C) 1876ء میں (D) 1874ء میں

93۔ جدید اردو نثر کا بابا آدم کہا جاتا ہے۔

(A) الطاف حسین حالی کو (B) محمد حسین آزاد کو

(C) سر سید احمد خاں کو (D) رشید احمد صدیقی کو

94۔ حالی کس اسکول میں مدرس تھے۔

(A) فورٹ ولیم کالج (B) ذاکر حسین کالج

(C) اینگلو عربک اسکول (D) دلی کالج

95۔ "تہذیب الاخلاق" جاری ہوا۔

(A) 1873ء میں (B) 1876ء میں

(C) 1872ء میں (D) 1870ء میں

96۔ فورٹ ولیم کالج کے سب سے مشہور مصنف کا نام ہے۔

(A) للولال (B) شیر علی افسوس

(C) حیدر بخش حیدری (D) میر امن

97۔ "مدو جزر اسلام" دوسرے کس نام سے مشہور ہے؟

(A) کلام حالی (B) صبح امید

(C) مناجات بیوہ (D) مسدس حالی

98۔ "شعر العجم" کس کی تصنیف ہے؟

(A) حالی کی (B) شبلی کی

(C) سرسید کی (D) محمد حسین آزاد کی

99۔ "ہماری شاعری" کے مصنف ہیں۔

(A) محمد حسین آزاد (B) مسعود حسین رضوی ادیب

(C) احتشام حسین (D) آل احمد سرور

100۔ "دلی کا دبستان شاعری" کے مصنف ہیں۔

(A) الولیث صدیقی (B) نور الحسن ہاشمی

(C) عبد الرحمن بجنوری (D) کلیم الدین احمد

* * * * *